تم اتنے دن نماز سے رکی رہو، جتنے دن تمہارا حیض تمہیں نماز سے روکا کرتا تھا، پھر غسل کر لیا کرو

امّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: عبد الرحمن بن عوف کی بیوی ام حبیبہ بنت جحش نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم سے خون جاری رہنے کی شکایت کی، تو آپ نے ان سے فرمایا : "تم اتنے دن نماز سے رکی رہو، جتنے دن تمہارا حیض تمہیں نماز سے روکا کرتا تھا، پھر غسل کر لیا کرو"۔ لہذا وہ ہر نماز کے وقت غسل کیا کرتی تھیں۔

[صحیح] [رواہ مسلم]

ایک صحابیہ نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے حضور خون جاری رہنے کی شکایت کی، تو آپ نے اسے حکم دیا کہ یہ پریشانی شروع ہونے سے پہلے جتنے دن اس کا حیض اسے نماز سے روکے رکھتا تھا، اتنے دن نماز سے رکی رہے اور اس کے بعد غسل کر کے نماز پڑھ لیا کرے لہذا وہ نفلی طور پر ہر نماز کے لیے غسل کر لیا کرتی تھیں۔

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10015